سوال

(442) کیا حج کی قبولیت کے لیے والدین کا راضی ہونا شرط ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص حج کرنے گیا۔ دادا اور ماں کی اجازت سے۔ دادا کا دعویٰ یہ ہے کہ جب تک باپ اجازت نہ دے حج قبول نہیں۔ (سائل: حاجی مشتاق احمد محمدی چک...بہاولپور) (۱۲ دسمبر ۱۹۹۷ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیٹے کو چاہیے تھا، حج پر جانے سے قبل اپنے والدین کو راضی کرتا۔ اس کے باوجود حج درست ہے۔ ان کے ساتھ احسان و سلوک کا سلسلہ بدستور حتی المقدور جاری رہنا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 346

محدث فتویٰ